12687-روزے کی حالت میں نکسیر پھوٹنا

سوال

اگر روزہ دار کو نکسیر آجائے تو اس کا حکم کیا ہوگا کیونکہ میرے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا تھا ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو معاملہ ایسا ہی ہے جیساکہ آپ نے ذکر کیا ہے تو آپ کا روزہ صحیح ہے ، کیونکہ آپ کو نکسیر آئی تھی جس پر آپ کو کوئی اختیار نہیں لھذا اس بنا پر اس کے آنے سے آپ کے روزہ کو کوئی نقصان نہیں اور نہ ہی وہ فاسد ہے ۔

اس کے دلائل میں سے مندرجہ ذیل فرمان باری تعالی ہے :

.{**اللہ تعالی کسی کو بھی اس کی استطاعت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا**}.سورۃ البقرۃ(286) ۔

اورایک دوسرے مقام پر کچھ اس طرح فرمایا :

.{**اللہ تعالی نے تم پر دین میں کوئی تنگی نہیں رکھی**}.المائدۃ(6) ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے ۔ .